BML

بینک مکرمہ
Bank Makramah Ltd.

# بینک مکرمہ لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کے غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع

**اسلام آباد ہائی کورٹ میں**
**(کمپنی کا دائرۂ اختیار)**
**کمپنی اوریجنل پٹیشن نمبر 14 برائے 2024ء**
**معاملہ برائے:**
**کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعات 279 سے 283 اور (8)285**
**اور**
**معاملہ برائے:**

1. **بینک مکرمہ لمیٹڈ**
پلاٹ نمبر C-9، F-6 مرکز،
سپر مارکیٹ، اسلام آباد
..... **درخواست گزار نمبر 1**

2. **گلوبل ہیلی ڈیولپمنٹ لمیٹڈ**
F-67، بلاک-5،
کلفٹن، کراچی
..... **درخواست گزار نمبر 2**

## اطـــــلاع

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ اسلام آباد میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے آرڈر مورخہ 02 دسمبر 2024ء جو کمپنی اوریجنل پٹیشن نمبر 14. برائے 2024ء میں جاری کیا گیا تھا، کے تحت بینک مکرمہ لمیٹڈ (''BML'') کے شیئر ہولڈرز کا ایک غیر معمولی اجلاسِ عام 26 دسمبر 2024ء کو صبح 11:00 بجے، میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد BML اور گلوبل ہیلی ڈیولپمنٹ لمیٹڈ (''GHDL'') کے درمیان ری اسٹرکچرنگ کے لیے اسکیم آف ارینجمنٹ (''BML Restructuring Scheme'') پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھیں تو اُسے منظور کرنا، اپنانا اور اُس سے اتفاق کرنا ہے۔

جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3) 134 کے تحت ضروری ہے ایک بیان جس میں غیر معمولی اجلاسِ عام (''(3)134 اسٹیٹمنٹ'') میں ہونے والے خصوصی اُمورِ کار کی تفصیل اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 281 کے تحت BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم (''281 اسٹیٹمنٹ'') کے اثر کی وضاحت شیئر ہولڈرز کو بھیجے گئے نوٹس میں کردی گئی ہے۔ بی ایم ایل ری اسٹرکچرنگ اسکیم بینک کی ویب سائٹ https://www.bankmakramah.com/notices-other-downloads/ پر لگادی گئی ہے۔ شیئر ہولڈرز BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم (3)134 اسٹیٹمنٹ اور 281 اسٹیٹمنٹ کی اضافی کاپیز اجلاس سے قبل BML کے رجسٹرڈ دفتر سے عمومی دفتری اوقات کے دوران بذریعہ درخواست حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ، بی ایم ایل ری اسٹرکچرنگ اسکیم کی کاپی companysecretary@bankmakramah.com پر ای میل اور 0320-9952022 پر واٹس ایپ کے ذریعے بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔

جناب عبداللہ ناصر عبداللہ حسین لوتاہ کو میٹنگ کا چیئرمین مقرّر کیا گیا ہے، اور وہ اس کے نتائج عدالت کو رپورٹ کریں گے۔

BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم بعدازاں عدالت کی منظوری سے مشروط ہوگی۔

**اسد ربانی**
کمپنی سیکریٹری
بینک مکرمہ لمیٹڈ

اسلام آباد
تاریخ: 05 دسمبر 2024ء

**نوٹس:**

1. BML کے شیئر ہولڈرز کے لیے غیر معمولی اجلاسِ عام میں زیرِ غور قراردادوں کا مسودہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1) 140 کے تحت پہلے ہی فراہم کردیا گیا ہے۔
2. بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 20 دسمبر 2024ء سے 26 دسمبر 2024ء تک (بشمول دونوں ایّام) بند رہیں گی۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے مقصد سے 19 دسمبر 2024ء کو اوقاتِ کار کے اختتام سے قبل ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر II، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی پر وصول ہونے والے ٹرانسفرز کو اجلاس میں شرکت کے لیے بروقت تصوّر کیا جائے گا۔
3. اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار رُکن اپنی طرف سے شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے رُکن کو اپنا پروکسی مقرّر کرسکتا ہے۔ کوئی کارپوریشن ایک رُکن ہونے کے ناتے اپنے کسی اہلکار یا کسی دوسرے شخص کو خواہ وہ بینک کا رُکن ہو یا کوئی اور فرد اپنا پروکسی مقرّر کرسکتی ہے۔
4. پروکسی انسٹرومنٹ اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں یا نامزد کیے گئے ہوں، ایسے مختار نامے کی مجاز نقل لازمی درست ہونی چاہیے اور بینک کے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس اجلاس کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے پہلے جمع ہوجانی چاہیے۔

**اجلاس میں حاضری کے لیے:**

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (''CNIC'') یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں گے۔
ii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ریزولیوشن/ مختار نامہ جس میں نامزد شخص کے دستخط موجود ہوں گے اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

**پروکسیز کی تقرّری کے لیے:**

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، درج بالا تقاضے کے مطابق پروکسی فارم جمع کروائیں گے۔
ii. پروکسی فارم پر دو افراد کی گواہی شامل کی جائے گی جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔
iii. پروکسی فارم کے ساتھ استفادہ کنندگان (beneficial owners) اور پروکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی مصدّقہ نقل یا پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔
iv. پروکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا/ گی۔
v. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ دستخط کے نمونے کے ساتھ بینک کے پروکسی فارم کے ساتھ جمع کروایا جائے گا۔

5. غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع کے ساتھ اراکین کو ایک پروکسی فارم الگ سے بھیجا جا رہا ہے۔
6. SECP سرکلر نمبر 10 برائے 2014ء بتاریخ 21 مئی 2014ء (سرکلر) کے مطابق، بینک کے ادا شدہ سرمائے میں 10 فیصد یا اُس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے کسی ایک شہر میں مقیم اراکین، سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرسکتے ہیں۔
ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کا تقاضہ اور طریقۂ کار جیسا کہ سرکلر میں بیان کیا گیا ہے، درج ذیل ہے:
اراکان درج ذیل فارمیٹ کے مطابق اپنی رضامندی فراہم کریں اور غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے 10 دن پہلے بینک کے رجسٹرڈ ایڈریس پر جمع کروائیں۔

**رضامندی فارم برائے ویڈیو کانفرنس سہولت**

میں/ ہم ______________________ بینک مکرمہ لمیٹڈ کے ایک رُکن، اور رجسٹر فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ______________________ کے مطابق ______________________ عمومی (آرڈنری) شیئرز کا حامل ہونے کی حیثیت سے، اس پتے ______________________ (زمینی پتہ درج کریں) پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں/ چاہتے ہیں۔

7. کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء، ترمیم شدہ بذریعہ SRO 2192(I)/2022 بتاریخ 05 دسمبر 2022ء (''ترمیمی ضوابط'') جاری کردہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017ء (''ایکٹ'') کے تحت بینک کے ارکان کو تمام امور کے لیے بطورِ خصوصی اُمور الیکٹرونک ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کرنے اور بذریعہ ڈاک ووٹ کرنے کا حق فراہم کیا جائے گا اور ترمیمی ضوابط میں درج شرائط وضوابط کے لحاظ سے غیر معمولی اجلاسِ عام میں ایک خصوصی قرارداد کے ذریعے اِسے منظور کروایا جائے۔
8. میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار کو ای ووٹنگ کے لیے خدمت فراہم کنندہ کے طور پر مقرّر کیا گیا ہے اور میسرز یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو معائنہ کار کے طور پر کام کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔ اس مواصلت کے ذریعے ہم اراکین کو ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے متبادل طریقے استعمال کرنے کے لیے درج ذیل طریقۂ کار سے آگاہ کر رہے ہیں:

**ای ووٹنگ:**

a. اراکین ایجنڈے کے لیے میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے فراہم کردہ ویب پورٹل کے ذریعے 22 دسمبر 2024ء کو صبح 09:00 بجے {پاکستانی معیاری وقت (''PST'')} سے 25 دسمبر 2024ء شام 05:00 بجے (PST) تک ووٹ ڈالیں گے۔ ووٹ صرف مذکورہ شیڈول کے دوران ہی ڈالے جائیں گے۔ ایک بار ڈالے گئے ووٹ کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ:**

a. اچھی طرح پُر کیا گیا پوسٹل بیلٹ کمپنی سیکریٹری، بینک مکرمہ لمیٹڈ کے ہیڈ آفس، لیول 11، پلاٹ نمبر G-2، بلاک-2، کلفٹن، کراچی کو ارسال کیا جائے یا بذریعہ ای میل companysecretary@bankmakramah.com پر بھیجا جائے۔
b. سی این آئی سی/ پاسپورٹ کی نقل (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ لازماً منسلک کی جائے۔
c. پوسٹل بیلٹ فارمز، کمپنی سیکریٹری کو 25 دسمبر 2024ء شام 05:00 بجے تک یا اُس سے قبل کاروباری اوقات میں لازماً پہنچ جائیں۔ اِس تاریخ کے بعد ملنے والے پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لیے قابلِ غور نہیں سمجھا جائے گا۔
d. پوسٹل بیلٹ پر دستخط کا سی این آئی سی/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مماثل ہونا لازمی ہے۔
e. کاروباری ادارے کی صورت میں، بیلٹ پیپر کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی (وکالت نامہ) ہونا لازمی ہے جس پر بینک کے پروکسی فارم کے ساتھ نمونہ دستخط لازماً جمع کروایا جائے۔
f. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، بگڑا ہوا، پھٹا ہوا، تبدیل شدہ، لکھائی پر لکھائی والا بیلٹ پیپر مسترد کردیا جائے گا۔
g. بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے بینک مکرمہ کی ویب سائٹ https://www.bankmakramah.com/notices-other-downloads/ پر بھی دستیاب ہے۔

**کمپنیز ایکٹ 2017ء (''کمپنیز ایکٹ'') کے سیکشن (3) 134 کے تحت بیان**

1. سول اوریجنل پٹیشن نمبر 14 برائے 2024ء اسلام آباد ہائی کورٹ میں کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعات 279، 280، 281، 282، 283 اور (8)285 کے تحت اور کمپنیز (کورٹ) رُولز 1997ء کے رُول 60 کے ساتھ دائر کی گئی ہے تاکہ بینک مکرمہ لمیٹڈ (''بی ایم ایل'')، گلوبل ہیلی ڈیولپمنٹ لمیٹڈ (''جی ایچ ڈی ایل'') اور ان کے ارکان اور کریڈیٹرز کے مابین انتظامی اسکیم (''BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم'') کی منظوری اور دیگر احکامات حاصل کیے جاسکیں۔ اس کارروائی میں اسلام آباد ہائی کورٹ (''کورٹ'') نے درخواست گزار نمبر 1 کے ارکان کی میٹنگ بلانے کی ہدایت دی ہے تاکہ BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم پر ان کی رضامندی حاصل کی جاسکے۔
2. چونکہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ بی ایم ایل کو BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم کے مطابق دوبارہ منظّم کیا جائے (جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے پیش کیا گیا)، اس لیے بی ایم ایل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنی 28 نومبر 2024ء کو منعقدہ میٹنگ میں جی ایچ ڈی ایل کے ساتھ BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم کے تحت انتظام میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔
3. عدالت کی جانب سے BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم کی منظوری سے مشروط، BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم کے تحت: (i) جی ایچ ڈی ایل کے مکمل طور پر ادا شدہ عام شیئرز جناب عزّت مآب ناصر عبداللہ حسین لوتاہ کو ان کی جانب سے ادا کردہ سرمایہ کے بدلے جاری اور الاٹ کیے جائیں گے۔ (ii) جی ایچ ڈی ایل (بشمول تمام اثاثے اور واجبات، خاص طور پر پلاٹ نمبر SM 212، فیصل اسٹریٹ-2، فیز-VIII، ڈی ایچ اے، کراچی میں واقع کریک سائیڈ پروجیکٹ پر مشتمل پراپرٹی) مکمل طور پر بی ایم ایل میں ضم کردی جائے گی۔ (iii) جی ایچ ڈی ایل کے شیئر ہولڈرز کو بی ایم ایل کے مکمل طور پر ادا شدہ عام شیئرز جاری اور الاٹ کیے جائیں گے۔ (iv) بی ایم ایل کی جانب سے جاری کردہ ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس (''ٹی ایف سی'') کے حامل افراد کو واجب الادا رقم بی ایم ایل کے مکمل طور پر ادا شدہ عام شیئرز کے ذریعے نمٹائی جائے گی۔ (v) بی ایم ایل کے شیئر کیپٹل کو، جو دستیاب اثاثوں کی نمائندگی نہیں کرتا، کم کردیا جائے گا۔
4. تجویز کردہ انتظامات اور اس سے متعلق تمام اضافی اُمور BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم کے ذریعے نافذ ہوں گے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعات 279 تا 283 اور (8)285 میں بیان کیا گیا ہے۔ BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم سول اوریجنل پٹیشن نمبر 14 برائے 2024ء کے تحت عدالت میں جمع کروائی گئی ہے۔
5. بی ایم ایل ری اسٹرکچرنگ اسکیم کی کاپی غیر معمولی اجلاس میں شرکت کے حقدار کسی بھی شخص کے لیے بی ایم ایل کے رجسٹرڈ آفس، پلاٹ نمبر C-9، F-6 مرکز، سپر مارکیٹ، اسلام آباد میں عمومی اوقاتِ کار میں مفت معائنہ کی خاطر دستیاب ہے۔ حقدار افراد اس کی کاپیز بذریعہ درخواست بھی بی ایم ایل کے رجسٹرڈ آفس سے عمومی اوقاتِ کار میں مفت حاصل کرسکتے ہیں۔ مزید یہ کہ، بی ایم ایل ری اسٹرکچرنگ اسکیم کی کاپی companysecretary@bankmakramah.com پر ای میل اور 0320-9952022 پر واٹس ایپ کے ذریعے بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔
6. بی ایم ایل کی 30 ستمبر 2024ء کی بیلنس شیٹ اور مالیاتی بیانات BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم کے ساتھ ''ضمیمہ-D'' کے طور پر منسلک ہیں۔ انتظامات کے مقاصد اور فوائد بھی BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم میں تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں۔
7. BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم سے متعلق تفصیلات بشمول بی ایم ایل کے جاری کردہ عام شیئرز، BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم میں درج ہیں۔
8. بی ایم ایل کے کسی ڈائریکٹر کو سوائے اس کے کہ متعلقہ درخواست گزار کمپنی میں ان کے شیئر ہولڈنگ کی حد تک اور، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے لیے، متعلقہ درخواست گزار کمپنی میں ان کی ملازمت کی حد تک بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ ڈائریکٹرز متعلقہ درخواست گزار کمپنی کی پالیسی کے مطابق معاوضے اور فوائد کی حد تک بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان ڈائریکٹرز کے مفاد پر اس بی ایم ایل ری اسٹرکچرنگ سکیم کا اثر بی ایم ایل اور جی ایچ ڈی ایل کے شیئر ہولڈرز کے متعلقہ مفادات سے مختلف نہیں ہے، سوائے اس حد تک جو یہاں بیان کی گئی ہے۔
9. مذکورہ بالا کے پیشِ نظر، بی ایم ایل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم کی منظوری اور اس کے تحت بیان کردہ انتظامات کی سفارش کی ہے۔
10. کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (2)279 کے تحت بی ایم ایل کے موجودہ اراکین کی تعداد کے تین چوتھائی کی نمائندگی کرنے والی اکثریت کو BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم سے اتفاق کرنا ہوگا تاکہ اُسے معزّز ہائی کورٹ سے منظور کیا جائے۔ لہٰذا، اسلام آباد میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے 02 دسمبر 2024ء کے حکم نامے کے مطابق کمپنی کی اصل پٹیشن نمبر 14 آف 2024ء میں منظور کیا گیا بی ایم ایل کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاسِ عام میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں 26 دسمبر 2024ء کو منعقد ہوگا تاکہ BML ری اسٹرکچرنگ اسکیم پر غور کیا جاسکے اور اگر مناسب سمجھا جائے تو منظور کیا، اپنایا اور اُس سے اتفاق کیا جائے۔